نمبر ۵۰ — جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ رجمادی الثانی ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۰ ردسمبر ۱۹۲۸ء

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۴ رنومبر ۱۹۲۸ء

جرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات ہند غیر دست اندازی پولیس بحکم ۱۴ رجون ۱۹۲۲ء قابل دست اندازی پولیس قرار دیا گیا تھا- چونکہ جرم دفعہ مذکور قانوناً غیر دست اندازی پولیس رکھا گیا ہے- لہذا حسب استدعائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و اتفاق رائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر جرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات غیر دست اندازی پولیس قرار دیا جاتا ہے-

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں- اور درج گزٹ ہو-

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۵ ردسمبر ۱۹۲۸ء

چونکہ عنقریب بندوبست علاقہ ریاست کا ہونے والا ہے جسکی وجہ سے محکمہ مال کا کام بہت زیادہ ہو جائیگا- لہذا صاحبزادہ عبد المجید خان بہادر کو سینیر ریونیو سکریٹری موسوم کرکے انکی مدد کیواسطے خان بہادر زین الدین صاحب کو تجویز کیا گیا ہے- انکے عہدہ کا نام جونیر ریونیو سکریٹری ہوگا-

۲- خان بہادر حاجی سید زین الدین صاحب کا تقرر بشاہرہ ایکہزار روپیہ ماہوار یکم جنوری ۱۹۲۹ء سے منظور کیا جاتا ہے- مکان اور سواری سرکار سے ملیگی-

۳- باہم مشورہ سے تقسیم کام متعلقہ محکمہ مال کرکے ہر دو سکریٹری صاحبان منظوری بارگاہ دولت کی حاصل

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible] دفعہ ۴۹۸ تعزیرات ہند	۱
۲	تقرر خان بہادر حاجی سید زین الدین صاحب	۱و۲
۳	رخصت [illegible]	۲
۴	[illegible]	〃
۵	[illegible]	〃
۶	[illegible]	〃
۷	[illegible]	〃
۸	[illegible]	〃
۹	[illegible]	۲و۳
۱۰	رخصت [illegible]	۳
۱۱	[illegible]	〃
۱۲	رخصت [illegible]	〃
۱۳	اضافہ [illegible]	〃
۱۴	رخصت [illegible]	〃
۱۵	[illegible]	〃
۱۶	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

کرلین۔ انتظامات دونوں سکریٹری صاحبان کو اپنے ماتحت صیغہ جات میں بدرجہ مساوی رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

صیغہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کیا ئے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقعہ ۴ دسمبر ۱۹۲۰ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر باستدعاء منظوری رخصت مزید دو ماہ صاحبزادہ سید وصی علیخان بہادر نائب محافظ دفتر وانتظام خانہ کلیات از ۱۵ نومبر ۱۹۲۰ء بوجہ علالت با انتظام سابقہ —

از تنخواہ رخصتی۔ صاحبزادہ سید منظور حسین خان بہادر اہلمد کو بابتہ کارکردگی بجائے رخصتی عہ — سید مشتاق حسین اہلمد کو ٹہ صاحبزادہ سید وصی علیخان بہادر رخصتی کو بقیہ تنخواہ — [illegible]

حکم

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر بسلسلہ رخصت سابقہ دو ماہ کی رخصت [illegible] با انتظام سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

یکم دسمبر ۱۹۲۰ء

محمد صدیق مدرس دیہاتی [illegible] تحصیل [illegible] پور کی رخصت ۱۴ نومبر ۱۹۲۰ء سے ۲۴ نومبر ۱۹۲۰ء تک بوضع تنخواہ منظور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

یکم دسمبر ۱۹۲۰ء

اشرف علی مدرس کرا تحصیل شاہ آباد کو ایک ماہ کی رخصت رعایتی دیجا چکی ہے۔ اب انکو آیندہ رخصت رعایتی نہیں دیجا سکتی۔ لہذا ۲۰ نومبر ۱۹۲۰ء سے [illegible] یوم کی رخصت بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

یکم دسمبر ۱۹۲۰ء

جے لال مدرس مدرسہ احمد نگر پرگنہ حضور تحصیل چونکہ بلا حصول رخصت یا اختیار مدرسہ ایک غیر شخص کے سپرد کرکے چلا گیا۔ لہذا جے لال مذکور ۱۹ نومبر ۱۹۲۰ء سے معطل کیا گیا۔ بجائے نامبردہ کے چوکھے لال چہارم پاس ساکن احمد نگر ۱۹ نومبر ۱۹۲۰ء سے مشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار مدرسہ مذکور میں مقرر کیا گیا۔ چوکھے لال کا تقرر غیر مستقل ایام معطلی جے لال میں ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۲ دسمبر ۱۹۲۰ء

کفایت علی خان مدرس مدرسہ کھرول پرگنہ حضور تحصیل کا استعفا یکم دسمبر ۱۹۲۰ء سے منظور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۳ دسمبر ۱۹۲۰ء

درخواست استعفاء جے لال مدرس مدرسہ احمد نگر پرگنہ حضور تحصیل بسیل ڈاک موصول ہو کر پیش ہوئی حسب درخواست نامبردہ کا استعفا منظور کیا گیا۔ اس مدرسہ میں مدرس کے تقرر کے لئے سررشتہ انسپکٹری سے رپورٹ آنا چاہئے۔ جبتک کسی دوسرے مدرس کا تقرر ہو سے چوکھے لال بدستور کام کرتا رہے۔ انکو بحساب گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ ایام کارکردگی ملیگی۔ جے لال مستعفی کی تنخواہ ماہ نومبر ۱۹۲۰ء تا چارج سامان سرکاری دیجائے

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳ دسمبر ۱۹۲۰ء

مدرسہ سوارین انگلش ٹیچر کے تقرر کی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو چکی ہے۔ لہذا [illegible] سے تیمور خان آٹھواں کلاس پاس۔ جو مدرسہ [illegible] سے مستعفی ہو کر علحدہ ہو گیا تھا۔ ۲۵ عہ تنخواہ پر امتحاناً آخر فروری ۱۹۲۱ء تک کے لئے مدرسہ سوارین انگلش ٹیچر مقرر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

درخواست ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ ملک معہ مصدقہ چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت معہ الاونس

حکم

ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ ملک کی رخصت رعایتی تین ہفتہ ۱۶ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت مین حسب تجویز چیف میڈیکل افسر صاحب فتحیاب خان کپاونڈر شفاخانہ ملک مین کام کریگا۔ اور پانچ روپیہ ماہوار الاونس پائیگا۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۴ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب ۔ بھئے جن کہار ملازم شفاخانہ صدر کی تنخواہ مین آٹھ آنہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ مر نومبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثنہ تحریر کنٹرولر صاحب آف ہاؤس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ یوم منشی حبیب الرحمن خان نائب مہتمم فراش خانہ مع ابتدا ۱۴ مر نومبر سنہ ۱۹۲۵ء بضرورت علاج۔

حکم

مزید رخصت پندرہ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثنہ عرضی سلطان حسین خان اہلمد اجلاس ۔ دربارہ اضافہ تنخواہ بوجہ عیالداری وقحط سالی ۔ مصدقہ ناظر اجلاس فائنینشل سکریٹری بہادر

حکم

سلطان حسین خان اہلمد منافینس آفس کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ مر دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثنہ تحریر بخشی صاحب فوج دربارہ منظوری رخصت بیس یوم محمد احسن نقلنویس من ابتدا ۲۵ مر نومبر سنہ حال بوجہ علالت بکارکردگی غلام محمد خان سپاہی خواندہ ایام رخصت مین منجملہ بارہ روپیہ تنخواہ کے نو روپیہ رخصتی کو دیے جائین۔ بقیہ تین روپیہ بصلہ کارکردگی بطور الاونس غلام محمد خان کو دیے جائین۔

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج ۔ محمد احسن نقلنویس کی بسلسلہ رخصت سابقہ بیس یوم کی رخصت منظور ہے۔ زمانہ رخصت مین محمد احسن کا کام غلام محمد خان سپاہی بخشیگری انجام دیگا۔ اور تنخواہ محمد احسن مین سے حسب تجویز بخشی صاحب نو روپیہ ماہوار کے حساب سے محمد احسن نقلنویس کو ملینگے۔ اور تین روپیہ ماہوار کے حساب سے بطور الاونس غلام محمد خان کو ملینگے۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔

مستقلی و اضافہ

۲۸ مر نومبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثنہ رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ مستقلی منشی عبدالقیوم نقشہ نویس میونسپلٹی باضافہ تنخواہ بوجہ ختم مدت ملازمت بتاریخ ۱۴ مر نومبر سنہ ۱۹۲۵ء و مسلوبی کام بمحنت و لیاقت۔

حکم

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ ہم بھی منشی عبدالقیوم کے کام سے مطمئن ہین۔ تاریخ ختم مدت غیر مستقلی نابسرودہ کو باضافہ تنخواہ پانچ روپیہ ماہوار مستقل کیا جاتا ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ اصل کاغذ بغرض اجرا احکام سرشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ اول ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ سیر ۴ – ۱۰ سیر ۴ ۱۰ سیر ۴ – ۱۰ سیر ۴					۱۰ سیر ۴	دیگر تحصیلات سے نقشہ جات نہیں آئے
نخود خالص	۱۰ سیر ۵					۱۶	
نخود کت آمیز	۱۶					۱۰ سیر ۶	
کتہ	۱۰ سیر ۶					۱۶	
ماش	۱۵					۱۵	
مونگ	۱۰ سیر ۴					۱۵	
مکا	۷					۱۰ سیر ۶	
جئی	۱۰ سیر ۵					۱۱	
گوجئی	۹					۱۸	
عدس	۱۰ سیر ۵					[illegible]	
ارہر	۱۶					۱۸	
برنج	۷					۱۵	
روغن زرد	۲ چھٹانک					۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱ سیر ۱۰					۱ سیر ۱۰	
روغن کنجد	۷					۷	
نمک سانبھر	۱۲					۱۲	
نمک لاہوری	۹					۸	
قند سیاہ	۵ – ۱۰ سیر ۶					۴	
باجرہ	۱۰ سیر ۵					۱۰ سیر ۶	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور